© rasailojaraid.com

**دار العلوم میں حسب سابق بین الاقوامی میڈیا کے نمائندوں کی آمد :**

حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مد ظلہ سے غیر ملکی ورلڈ میڈیا کے نمائندے انٹرویوز کے لئے حسب سابق جوق در جوق آ رہے ہیں۔ صرف ایک مہینے میں ایک درجن سے زائد بین الاقوامی اخبارات و جرائد اور ٹی وی ٹیمیں دار العلوم تشریف لائیں۔ جن کے مختصر نام یہ ہیں :

فرانس ٹیلی ویژن کی ڈورو تھی اولیرک' انگلینڈ "نیوز ویک" کے گرے نائٹ 'فرانس آرٹی ٹیلیوژن کے فریڈرک ویسورٹ اور صوفیہ روسر گرٹ ' فرانس ٹیلی ویژن چینل 2 کے اولرک حولمسٹروپ ایوا آرنونیگ' ٹیلی راما کے لوک ڈسبیئیٹ ۔ فرانسیسی ڈاکٹر اینڈریاس بانزیگر' اور جرمن میگزین "پریسا سجتر" کے ڈاکٹر یاسین رضوی 'فرانس "ایل ایکسپریس" اخبار کے مارک اور جین پال گولیٹیو ' امریکی اخبار "نیو یارکر" کے فوٹو گرافر ایڈ گریزڈا' سوئٹزر لینڈ کے ویکلی میگزین "فیکٹ" کے نمائندے کرٹ برینڈن برجر' اور ڈنمارک ٹی وی کے پروڈیوسر اور سب پروڈیوسر سر فہرست ہیں۔ مولانا مد ظلہ نے انہیں اسلام کی حقانیت' مدارس کی اہمیت اور عالم اسلام کی زبوں حالی کے بارے میں تفصیلاً گفتگو کی۔ اور اس طرح افغانستان کے مسلمانوں کی حالتِ زار کے بارے میں بھی انہیں آگاہ کیا۔


سلسلہ مطبوعات موتمر المصنفین (۲۹)

# اقتدار کے ایوانوں میں
# شریعت بل کا معرکہ

(مولانا سمیع الحق)

ملک کی تاریخ میں نفاذ شریعت کی جدوجہد کا روشن باب 'ایوان بالا سینیٹ اور قومی سیاست میں نظام اسلام کی جنگ' آغاز' رفتار کار' صبر آزما مراحل کی لحہ بہ لحہ روئیداد اور مستقبل کے لائحہ عمل کے علاوہ خارجہ پالیسی' عورت کی حکمرانی' جہادِ افغانستان اور اہم قومی و ملی اور بین الاقوامی مسائل پر فکر انگیز گفتگو اور سیر حاصل تبصرے۔

ملنے کا پتہ: موتمر المصنفین' دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک' نوشہرہ پاکستان


© rasailojaraid.com